تبصرے

ندائے ملت کا انتخابات نمبر: مرتبہ ڈاکٹر محمد آصف صدیقی۔ تقطیع کلاں ضخامت ۷۰ صفحات۔ کتابت وطباعت اعلیٰ۔ قیمت ایک روپیہ بیس پیسے۔ پتہ:- ۹۹- گوئن روڈ۔ لکھنؤ۔

ہفتہ وار ندائے ملت کو جاری ہوئے ابھی کچھ زیادہ مدت نہیں ہوئی۔ لیکن اس کے باوجود اپنے سنجیدہ۔ مدلل اور فکر انگیز مقالات افتتاحیہ۔ معلومات افزا سیاسی تبصروں اور دوسرے لائق مطالعہ مضامین ومقالات اور پھر سب سے بڑھ کر جرأت حق گوئی وبیباک نویسی کے باعث اس نے ہندوستان کی مسلم صحافت میں ایک نہایت ممتاز اور بلند مقام حاصل کرلیا ہے۔ یوں تو کسی بھی جریدہ کے تمام افکار وآراء سے سب قارئین کا متفق ہونا ممکن نہیں ہے۔ لیکن ندائے ملت نے مسلمانوں میں جو خود شناسی اور آزادی فکر وعمل کا جذبہ پیدا کیا ہے اُس کا انکار کرنا ایسا ہی ہے جیسے کسی شخص کا یہ کہنا کہ کانگرس نے ہندوستان کو آزاد نہیں کرایا بلکہ جن سنگھ اور مہاسبھا نے اسے آزادی دلائی ہے۔ یہ نمبر انتخابات سے متعلق مضامین ومقالات کے لئے مخصوص ہے۔ شروع میں مختلف سیاسی جماعتوں کے سربراہوں کے پیغامات اور الکشن سے متعلق ان کے تاثرات ہیں اور اس کے بعد متعدد مضامین ہیں جن میں الکشن کے نتائج کے اسباب ووجوہ۔ ملک کے مستقبل پر اُس کے امکانی اثرات وثمرات۔ ملک کے سیاسی ڈھانچہ میں مسلمانوں کی حیثیت۔ آیندہ کے لئے اُن کے فرائض وواجبات۔ اور اس سلسلہ کے بعض اور مسائل ومعاملات پر مختلف ارباب فکر وقلم نے اپنے اپنے نقطۂ نظر سے بحث وگفتگو کی ہے۔ لیکن ہیں سب مضامین سنجیدہ اور مدلل۔ اور اُن کے مطالعہ سے انتخابات کے ماقبل ومابعد سے متعلق مفید اور فکر انگیز معلومات حاصل